| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 1 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: ناظرہ قرآن مجید |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- قرآن مجید کے پارہ 3 تا 8 کی تجوید کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔
- دورانِ تلاوت مخارج اور رموزِ اوقاف کا خیال رکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پوچھیں:

الف: قرآن مجید کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

ب: قرآن مجید کس زبان میں نازل ہوا؟

طلبہ کو بتائیں لفظ قرآن کا مطلب ہے وہ کتاب جو بار بار پڑھی جاتی ہے۔ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل کردہ آخری آسمانی کتاب ہے اس کے تیس پارے ہیں جن میں 114 سورتیں اور 6666 آیات ہیں۔ قرآن مجید کے نزول کا آغاز مکّہ کی مشہور غار 'حرا' سے ہوا اور یہ سلسلہ تقریباً تیئیس سال جاری رہا۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کو قیامت تک کے انسانوں کے لیے راہ نمائی اور کامیابی کا ذریعہ بنایا ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 3 کھولنے کی ہدایت دیں اور سبق کے آغاز میں پارہ 3 تا 8 کے عنوان پڑھوائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ جماعت دوم میں انھوں نے پارہ 1 (الٓمّٓ) اور پارہ 2 (سَيَقُوْلُ) کی تلاوت کی تھی۔ اس جماعت میں وہ پارہ 3 تا 8 کی تجوید کے ساتھ تلاوت کرنا سیکھیں گے۔

**نوٹ برائے اساتذہ کرام:** قرآن مجید کے پارہ (3تا8) کی پڑھائی کو سال میں اس طرح تقسیم کریں کہ سال کے اختتام تک طلبہ ان پاروں کی پڑھائی مکمل کر لیں۔

- طلبہ کو پارہ 3تا8 کے عنوانات کے فلیش کارڈز دکھائیں۔ان عنوانات کو درست تلفّظ کے ساتھ بلند آواز میں پڑھوائیں۔
- طلبہ کو بتائیں قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری آسمانی کتاب ہے جو اللہ تعالیٰ نے حضرت جبریل علیہ السلام کے ذریعے ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ پر نازل کی۔
- طلبہ کو قرآن مجید کی تلاوت کی فضیلت سے آگاہ کریں اور بتائیں کہ قرآن مجید کی تلاوت کرنے کا بہت ثواب ہے اس کا ایک حرف پڑھنے سے دس نیکیاں ملتی ہیں۔
- طلبہ کو قرآن مجید کی تلاوت کے آداب بھی بتائیں۔
- قرآن مجید کی تلاوت سے پہلے وضو کریں۔ قرآن مجید کی تلاوت کے لیے جسم، لباس اور جگہ کا پاک ہونا ضروری ہے۔
- قرآن مجید کی تلاوت کا آغاز تعوذ، تسمیہ سے کریں اور دورانِ تلاوت تجوید کے قواعد کا خیال رکھیں اور غیر ضروری باتوں سے پرہیز کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ قرآن مجید کی زیادہ سے زیادہ تلاوت کرنا، اس کے پیغام کو سمجھنا اور اس پر عمل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

**اعادہ:** **5منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:** **5منٹ**

طلبہ کو ہدایت دیں کہ اپنے والدین یا کسی بڑے کی مدد سے قرآن مجید کا مصحف دیکھیں اور روزانہ قرآن مجید کی تلاوت کو معمول بنائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **10منٹ**

اساتذہ کرام کی مدد سے قرآن مجید کے پارہ 3تا8 کے عنوانات کا چارٹ پیپر تیار کریں اور کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 1 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |
| بابِ اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | | سبق کا نام: حفظِ قرآن مجید | |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ درست تلفّظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ کا مختصر تعارف دیں انھیں بتائیں یہ قرآن مجید کے پہلے پارے کی پہلی سورت ہے فاتحہ کا مطلب ہے شروع کرنے والی۔ چونکہ یہ قرآن مجید کی پہلی سورت ہے اس لیے اسے سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ کہتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو قرآن مجید کا مختصر تعارف دیں کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی پاک کتاب ہے اس کی تلاوت کے آداب بتائیں اور ترغیب دلائیں کہ قرآن مجید کی تلاوت کے دوران آداب کا خاص خیال رکھا جائے۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 4 کھولنے کی ہدایت دیں۔ سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ کے نام پر انگلی رکھتے ہوئے طلبہ کو بتائیں کہ یہ قرآن مجید کی پہلی سورت ہے اس کی 7 آیات ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں آج ہم سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ کی پہلی چار آیات کی تلاوت کریں گے اور زبانی یاد کریں گے۔
- سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ کی پہلی چار آیات کتاب سے دیکھ کر پڑھ کر سنائیں۔ تلاوت کے دوران ہر لفظ کو ٹھہر ٹھہر کر درست تجوید کے ساتھ پڑھیں اور طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ بھی آپ کے ساتھ پڑھنے کی کوشش کریں۔

- طلبہ کو سُوۡرَۃُ الۡفَاتِحَۃِ کی پہلی چار آیات آٹھ سے دس بار پڑھنے کی مشق کروائیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

سُوۡرَۃُ الۡفَاتِحَۃِ کی پہلی چار آیات بچوں کے ساتھ مل کر دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے سُوۡرَۃُ الۡفَاتِحَۃِ کی پہلی چار آیات زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **10منٹ**

طلبہ کے درمیان سورت زبانی یاد کرنے کا مقابلہ کروائیں جن طلبہ کو ذہن نشین ہو جائے انھیں کہیں کہ باقی طلبہ کو بھی یاد کروانے میں ان کی مدد کریں۔

| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 1 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظِ قرآن مجید |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ درست تلفّظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** **5 منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ ایک دعا ہے جو اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کو سکھائی ہے اور اسے قرآن مجید کی پہلی سورت بنانے کا مطلب ہی یہی ہے کہ جو بھی اس کتاب (قرآن مجید) کا مطالعہ شروع کر رہا ہو وہ اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کرے۔ طلبہ کو سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ کا ترجمہ سنائیں اور بتائیں کہ اس سورت کا نام سورۃ الحمد اور سورۃ الصلوٰۃ بھی ہے اس لیے کہ اس سورت کا نماز میں پڑھنا شرط ہے۔ اس کے علاوہ اس سورت کو سورۃ الشفا، الرقیہ، ام لکتاب اور ام القرآن کے ناموں سے بھی جانا جاتا ہے۔

**طریقہ تدریس:** **15 منٹ**

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 4 کھولنے کی ہدایت دیں طلبہ کو بتائیں سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ قرآن مجید کی پہلی سورت ہے، اس کی 7 آیات ہیں۔ پچھلے سبق میں ہم اس کی چار آیات یاد کر چکے ہیں۔ آج ہم آخری تین آیات زبانی یاد کریں گے۔
- طلبہ سے سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ کی پہلی چار آیات زبانی سنیں۔ اچھا سبق سنانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ جن طلبہ کو زبانی یاد نہ ہوا نھیں ان آیات کی تین سے پانچ بار مشق کروائیں۔

- سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ کی آخری تین آیات کتاب سے دیکھ کر پڑھیں۔ درست تلفّظ اور حرکات کی ادائی کا خاص خیال رکھیں۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ تلاوت غور سے سنیں اور آپ کے ساتھ پڑھنے کی کوشش کریں۔
- طلبہ کو ان آیات کی آٹھ سے دس بار پڑھائی کروائیں تاکہ انھیں آیات ذہن نشین ہو جائیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

مکمل سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ طلبہ کے ساتھ مل کر دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

طلبہ گھر میں والدین یا کسی بڑے کو سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ زبانی یاد کر کے سنائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **10منٹ**

طلبہ کے درمیان سورت زبانی یاد کرنے کا مقابلہ کروائیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| نام: ____________ | مضمون: اسلامیات | سبق: حفظِ قرآن مجید |

سوال 1: سُوۡرَۃُ الۡفَاتِحَۃِ کے تین نام تحریر کریں۔

سوال 2: دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّ | يَوۡمِ | الرَّحۡمٰنِ | الصِّرَاطَ | الۡمَغۡضُوۡبِ | نَعۡبُدُ | صِرَاطَ |

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ ______ الۡعٰلَمِيۡنَۙ ﴿۱﴾

______ الرَّحِيۡمِۙ ﴿۲﴾

مٰلِكِ ______ الدِّيۡنِؕ ﴿۳﴾

اِيَّاكَ ______ وَ اِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُؕ ﴿۴﴾

اِهۡدِنَا ______ الۡمُسۡتَقِيۡمَۙ ﴿۵﴾

______ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ ۙ۬

غَيۡرِ ______ عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ ﴿۷﴾